نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارشوں کے دوران کپاس کے تحفظ کے لیے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:29اگست2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار بارشوں کے دوران کپاس کی بہتر نگہداشت کے لئے فصل میں زیادہ پانی کھڑا نہ ہونے دیں کیونکہ اس سے پودوں کی جڑوں کے سانس لینے اور خوراک بننے کا عمل رک جاتا ہے جس کی وجہ سے گڈیاں اور چھوٹے ٹینڈے گرنا شروع ہو جاتے ہیں اور پیداوار متاثر ہوتی ہے۔ بارش کا پانی کھیت میں 48 گھنٹے سے زیادہ کھڑا رہنے سے پودے مرجھانا شروع ہو جاتے ہیں اس لیے پانی کے نکاس کا فوری بندوبست کریں یا فصل میں کھڑے پانی کو کسی خالی نچلے کھیت میں نکال دیں۔ اگر کھیت سے پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو کھیت کے دونوں کناروں پر تقریباً 10 فٹ لمبا، 6 فٹ چوڑا اور 5 فٹ گہرا گڑھا کھود لیں تاکہ بارش کا پانی ان گڑھوں میں جمع کیا جاسکے۔ بارش کے بعد یوریا 2 کلو گرام، پوٹاشیم نائٹریٹ 200 گرام، بورک ایسڈ (17٪)300 گرام، زنک سلفیٹ (33٪)250 گرام اور میگنیشیم سلفیٹ 300 گرام کو 100 لٹر صاف پانی میں حل کر کے ایک ہفتہ کے وقفہ سے 2 بار سپرے کریں۔ فصل کی حالت دیکھ کر وتر آنے پر ایک بوری یوریا یا امونیم نائٹریٹ (CAN) فی ایکڑ ریجر کے ساتھ استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ بارش کے بعد زیادہ نمی کی وجہ سے سبز تیلے کا حملہ زیادہ ہو سکتا ہے اس لیے کاشتکار کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ پر توجہ دیں اور کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سفارش کردہ زرعی زہروں کا سپرے کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ بارشوں کے دوران کپاس کی چنائی کو روک دیں۔ چنی ہوئی کپاس کو ڈھانپ دیں اور بارش سے گیلا ہونے سے بچائیں۔ کاشتکار کپاس کی چنائی بارش کے رک جانے کے بعد موسمی پیشین گوئی کو مد نظر رکھتے ہوئے کریں۔

*****